# 1255-نماز میں قرآن مجید دیکھ کر پڑھنے کا حکم

## سوال

کیا نماز تراویح یا چانداور سورج گرہن کی نماز میں قرآن مجید سے دیکھ کر قرآت کرنا جائز ہے یا نہیں ؟

## پسندیدہ جواب

قیام رمضان میں قرآن مجید دیکھ کر قرآت کرنے میں کوئی حرج نہیں، جیساکہ اس میں مقتدیوں کو پورا قرآن سننے کا موقع مل جاتا ہے، اوراس لیے بھی کہ کتاب وسنت کے دلائل بھی نماز میں قرآن مجید کی قرآت کی مشروعیت پر دلالت کرتے ہیں، اور یہ عام ہے قرآت چاہے زبانی کی جائے یا پھر قرآن مجید سے دیکھ کر.

اور پھر عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا سے ثابت ہے کہ انہوں نے اپنے غلام ذکوان کو حکم رمضان کا قیام کروانے کا حکم دیا، اوروہ قرآن مجید دیکھ کر قرآت کیا کرتے تھے.

اسے امام بخاری رحمہ اللہ تعالی نے اپنی صحیح میں معلق اور بالجزم ذکر کیا ہے.

واللہ اعلم.